سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

۱۸ فروری ۲۰۱۱، اسلام آباد

اطلاع عامہ

ایس آر او ۱۲۸(I)/۲۰۱۱[1] —— سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آرڈیننس ۱۹۶۹ (نمبر ۱۷، مجریہ ۱۹۶۹) کی دفعہ ۳۳ کو اس کی دفعہ ۱۶ سے ملا کر پڑھا جائے اور سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ایکٹ ۱۹۹۷ (نمبر ۴۲، مجریہ ۱۹۹۷) کی دفعہ ۴۳ کی شق (b) میں عطا کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اور مذکورہ ایکٹ نمبر ۴۲، مجریہ ۱۹۹۷ کی دفعہ ۳۹ کی ذیلی دفعہ (۲) کے مطلوبات کے مطابق سرکاری جریدے میں سابقہ طور پر بذریعہ ایس آر او ۳۸۴(I)/۲۰۱۰ مورخہ ۳ جون ۲۰۱۰ شائع ہونے کے بعد، سکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان وفاقی حکومت کی منظوری سے اس دستاویز کے ذریعے درج ذیل قوانین بناتا ہے:۔

پہلا باب

تمہید

1. مختصر عنوان اور نفاذ۔-

(1) ان قواعد کو سکیورٹیز (لیوریجڈ مارکیٹس اور رہن) قواعد، ۲۰۱۱ کہا جائے۔

(2) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

2. تعریفات۔-

(1) تاوقتیکہ ان قواعد کے مضمون یا سیاق وسباق میں کچھ اس کے برخلاف نہ ہو تو،۔

---

[1] ایس آر او 1124(I)/2011 مورخہ ۲۹ دسمبر ۲۰۱۱ کے ذریعے ترمیم شدہ، ان قواعد کے اختتام پر منسلک ہیں

(a) ''ضمیمہ'' (annexure) سے مراد ان قواعد سے منسلکہ ہے؛

(b) ''مجاز درمیانی عامل'' سے مراد کوئی ایسا شخص جس کا حوالہ قائدہ ۳ کے ذیلی قائدے (۲) میں دیا گیا ہو جو ان قواعد کے تحت کمیشن سے بطور مجاز درمیانی عامل رجسٹر ہوا ہو؛

(c) ''قرض دار'' سے مراد وہ شخص جو قرض دہندہ سے ان قواعد کے تحت ایسے پلیٹ فارم کے ذریعے سکیورٹیز ادھار لیتا ہے جو مجاز درمیانی عامل نے سکیورٹیز کے ادھار لین دین کے بیوپار کے مقاصد کے لئے فراہم کیا ہے؛

(d) ''تصفیہ کمپنی'' (clearing company) سے مراد ایسی کمپنی ہے جو دارالتصفیہ (رجسٹریشن اور ضوابط) قواعد ۲۰۰۵ کے تحت دارالتصفیہ (clearing house) کے طور پر رجسٹر ہوئی ہو؛

(e) ''فنانسی'' سے مراد ایسا شخص ہے جو مارجن فنانسنگ اور مارجن ٹریڈنگ کی سہولیات سے فائدہ اٹھا رہا ہو؛

(f) ''قرض دہندہ'' سے مراد ایسا شخص ہے جو قرض دار کو ان قواعد کے تحت ایسے پلیٹ فارم کے ذریعے سکیورٹیز ادھار دیتا ہے جو مجاز درمیانی عامل نے سکیورٹیز کے ادھار لین دین کے بیوپار کے مقاصد کے لئے فراہم کیا ہے؛

(g) ''لیوریجڈ مارکیٹ'' سے مراد وہ مارکیٹ ہے جو لیوریجڈ مارکیٹ کے معاہدوں کی پیشکش کرتی ہے؛

(h) ''لیوریجڈ مارکیٹ کے معاہدے'' سے مراد مارجن فنانسنگ، مارجن ٹریڈنگ اور سکیورٹیز کے ادھار لین دین ہر ایک سے متعلق معاہدے ہیں؛

(i) ''لیوریجڈ مارکیٹ کے شرکاء'' سے مراد لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے کوئی فریق یا کوئی شخص جو لیوریجڈ مارکیٹ کا معاہدہ پیش کر رہا ہو؛

(j) ''مارجن فنانسر'' سے مراد ایسا شخص ہے جو ان قواعد کے تحت رجسٹرڈ ہو اور اسے مارجن فنانسنگ فراہم کرنے کی اجازت ہو؛

(k) ''مارجن فنانسنگ'' سے مراد مجاز درمیانی عامل کے ذریعے کسی سکیورٹی کی خریداری یا حصول کے مقصد کے لئے قرض کی توسیع یا برقرار رکھنا ہے، جیسا کہ تیسرے باب میں دیا گیا ہے؛

(l) ''مارجن فنانسنگ معاہدہ'' سے مراد ایسا معاہدہ ہے جس پر مارجن فنانسر اور فنانسی کے مابین مارجن فنانسنگ کی غرض سے عملدرآمد کیا گیا ہو؛

(m) ''مارجن ٹریڈنگ'' سے مراد سکیورٹی کی خریداری یا حصول کے مقصد کے لئے مجاز درمیانی عامل کی جانب سے فراہم کئے گئے پلیٹ فارم کے ذریعے قرض کی توسیع یا برقرار رکھنا ہے، جیسا کہ چوتھے باب میں دیا گیا ہے؛

(n) ''آرڈیننس'' سے مراد سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آرڈیننس ۱۹۶۹ (نمبر ۱۶، مجریہ ۱۹۶۹) ہے؛

(o) ''ضوابط'' سے مراد ضوابط ہیں جو بنائے گئے ہوں

(i) سٹاک ایکسچینج کی جانب سے اس آرڈیننس کے تحت؛

(ii) سنٹرل ڈپازٹری کی جانب سے سنٹرل ڈپازٹریز ایکٹ ۱۹۹۷ کے تحت؛ یا

(iii) کلیئرنگ کمپنی کی جانب سے اس کے بائے لاز کے تحت،

متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے لئے کمیشن کی پیشگی منظوری کے ساتھ؛

(p) ''سکیورٹیز کے ادھار لین دین'' سے مراد مجاز درمیانی عامل کی جانب سے فراہم کئے گئے پلیٹ فارم کے ذریعے قرض دہندہ کی جانب سے سکیورٹیز کا قرض کے طور پر دینا اور قرض دار کی جانب سے سکیورٹیز کا قرض کے طور پر لینا ہے، جیسا پانچویں باب میں دیا گیا ہے؛

(q) ''اہم حصص دار''(significant shareholder) سے مراد ایسا شخص ہے جو بالواسطہ یا بلاواسطہ کمپنی کے دس فیصد یا زیادہ حصص کا حامل ہو؛

(r) ''سپاٹ پیریڈ'' سے مراد وہ عرصۂ تجارت ہے جس کی سٹاک ایکس چینجوں کی طرف سے بک کلوژر کے آغاز سے قبل اطلاع کر دی گئی ہو؛

(s) ''تجارتی سرمایہ کار''(trading financier) سے مراد ایسا شخص ہے جو ان قواعد کے تحت رجسٹرڈ ہو اور اسے مارجن ٹریڈنگ کے تحت سرمایہ فراہم کرنے کی اجازت ہو؛

(2) ان قواعد میں استعمال کئے گئے تمام دیگر الفاظ اور اظہار جن کو واضح نہیں کیا گیا، تاوقتیکہ ان قواعد کے مضمون یا سیاق و سباق میں کچھ اس کے برخلاف نہ ہو، کے وہی معنی ہوں گے جو آرڈیننس کے تحت تفویض کردہ ہیں، کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ (نمبر ۴۷، مجریہ ۱۹۸۴) اور سینٹرل ڈپازٹریز ایکٹ، ۱۹۹۷ (نمبر ۱۹، مجریہ ۱۹۹۷)۔

دوسرا باب

مجاز درمیانی عامل

3. مجاز درمیانی عامل۔-

(1) کمیشن مجاز درمیانی عاملین کے قیام کی تعداد اور مقامات کا تعین کرے گا۔

(2) سٹاک ایکسچینج، سینٹرل ڈپازٹری یا کلیئرنگ کمپنی جو لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں سے متعلق بیوپار کو سہل بنانے کے لئے پلیٹ فارم فراہم کرنے کے خواہاں ہوں وہ کمیشن کو متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے مجاز درمیانی عامل کے طور پر کام کرنے کے مقصد سے درخواست دے گا۔

(3) ذیلی قائدے (۲) کے تحت دی گئی درخواست درج ذیل کے ہمراہ ہو گی——

(a) ان دستاویزات کی نقول جو درخواست گزار کی بطور سٹاک ایکسچینج، سنٹرل ڈپازٹری یا کلیئرنگ کمپنی، جو بھی صورت ہو، رجسٹریشن ظاہر کریں؛

(b) کمپنی کے دستور اور قواعد وضوابط کی نقول؛

(c) کمپنی کے سربراہ اور ڈائریکٹرز کے کوائف جس میں ان کی ولدیت، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، رہائشی پتہ، دوسری کمپنیوں میں ڈائریکٹرشپس اور دوسری کمپنیوں میں اہم حصّہ داری شامل ہیں؛

(d) ایسی کمپنی جو سرمایۂ حصص نہ رکھتی ہو کی صورت میں کارکنان کی فہرست اور ایسی کمپنی جو سرمایۂ حصص رکھتی ہو کی صورت میں اہم حصص داران کی فہرست؛

(e) دستاویزات جو یہ ظاہر کرتے ہوں کہ متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے مجاز درمیانی عامل کے طور پر کام کرنے کے لئے اطمینان بخش اندرونی کنٹرول اور تعمیل کے تحریری طریقہ کار موجود ہیں؛

(f) دستاویزات جو یہ ظاہر کرتے ہوں کہ متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کی جاری بنیادوں پر مستعدی اور باضابطہ طور پر سہل انجام دہی کے لئے معقول مالی، تکنیکی، تنظیمی اور انسانی وسائل موجود ہیں؛

(g) متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے انتظامی ضوابط کا ڈرافٹ؛

(h) کمیشن کی جانب سے مختص کردہ فیس؛ اور

(i) ایسے دیگر دستاویزات جو کمیشن کو درکار ہوں۔

(4) ذیلی قائدے (۲) کے تحت درخواست اور ذیلی قائدے (۳) کے تحت مخصوص دستاویزات کی وصولی پر کمیشن اگر مطمئن ہو کہ——

(a) درخواست گزار مجاز درمیانی عامل کے طور پر کام کرنے کا اہل ہے؛

(b) درخواست گزار تمام قابل اطلاق انضباطی مطلوبات اور شرائط کی تعمیل کر رہا ہے؛

(c) درخواست گزار کا ایسا کرنا کیپٹل مارکیٹ کے مفاد میں ہے؛

تو وہ درخواست گزار کو مجاز درمیانی عامل کے طور پر رجسٹر کر سکتا ہے اور ضمیمے میں واضح کردہ فارم I میں مخصوص رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ جاری کرے گا اور ترامیم کے ساتھ یا ان کے بغیر متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے ضوابط کو منظور کر دے گا۔

(5) کمیشن درخواست گزار کو مجاز درمیانی عامل کے طور پر رجسٹر کرتے وقت اس انداز اور ایسے اوقات، جو وہ بہتر سمجھے، میں ایسی شرائط واضح کر سکتا جن کی تعمیل مجاز درمیانی عامل کو کرنا ہوگی۔

4. رجسٹریشن کی نامنظوری۔-

(1) درخواست گزار کو شنوائی کا موقع دیئے بغیر قائدہ ۳ کے تحت دی گئی کسی بھی رجسٹریشن کی درخواست کو نامنظور نہیں کیا جائے گا۔

(2) اگر کمیشن کسی درخواست گزار کی رجسٹریشن نامنظور کرتا ہے تو درخواست گزار کو ایسے فیصلے اور اس کی وجوہات کے بارے میں مطلع کر دیا جائے گا۔

5. مجاز درمیانی عامل پر پابندی یا معطلی۔-

(1) کمیشن تحریری حکم نامے کے ذریعے کسی مجاز درمیانی عامل پر پابندی لگا سکتا ہے یا اس کی رجسٹریشن معطل کر سکتا ہے، اگر—

(a) کمیشن کو معقول بنیادوں پر یہ یقین ہو جائے کہ ایسا کرنا کیپٹل مارکیٹ کے مفاد میں ہے؛

(b) مجاز درمیانی عامل آرڈیننس کی شقوں، ان قواعد، ضوابط یا کسی ہدایت نامے یا کمیشن کے جاری کردہ مراسلہ یا کمیشن کی رجسٹریشن کے لئے مخصوص شرائط کی تعمیل میں ناکام ہوتا ہے؛

(c) مجاز درمیانی عامل ضوابط کے مؤثر نفاذ یا تعمیل میں ناکام ہوتا ہے؛

(d) مجاز درمیانی عامل کمیشن کے مطلوبات کے مطابق ضوابط کی ترامیم میں ناکام رہتا ہے؛

(e) مجاز درمیانی عامل اس معلومات کی فراہمی میں ناکام رہے یا انکار کرے جو کسی بھی قانون کے تحت فراہم کرنا ضروری ہو یا کمیشن کو مطلوب ہو یا پھر غلط یا نامکمل معلومات فراہم کرے؛

(f) مجاز درمیانی عامل کمیشن کے حکم پر کئے گئے کسی آڈٹ، پوچھ گچھ، معائنہ یا تفتیش میں ناکام ہو جاتا ہے یا تعاون سے انکار کر دیتا ہے؛

(g) مجاز درمیانی عامل کمیشن کی طرف سے نافذ، اگر کوئی ہو، کوئی جرمانہ ادا کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے یا انکار کر دیتا ہے۔

(2) کمیشن کے مجاز درمیانی عامل کی رجسٹریشن کی معطلی یا کسی پابندی کے نفاذ کے حکم نامے میں ایسی معطلی یا پابندی کا عرصہ بیان ہوگا جو پہلی مرتبہ نوّے دن سے زیادہ نہیں ہوگا اور ایسی معطلی یا پابندی میں کمیشن مزید توسیع بھی کر سکتا ہے تاہم ہر توسیع نوّے دن کے عرصہ کے لئے ہی ہوگی اس سے زیادہ نہیں۔

(3) کمیشن مجاز درمیانی عامل کی رجسٹریشن معطل کرتے وقت مجاز درمیانی عامل پر ایسی شرائط لاگو کر سکتا ہے جو وہ بہتر سمجھے۔

(4) لیوریجڈ مارکیٹ کے وہ معاہدے جو معطلی سے پہلے کئے گئے، کمیشن کی دی گئی ہدایات اور درمیانی عامل کے بنائے گئے ضوابط سے مشروط، معطلی کے دوران بھی مؤثر رہیں گے اور لیوریجڈ مارکیٹ شراکت دار موزوں طریقے سے ایسے لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے تحت اپنی متعلقہ ذمہ داریاں پوری کریں گے۔

6. مجاز درمیانی عامل کی رجسٹریشن کی تنسیخ۔-

(1) کمیشن کسی مجاز درمیانی عامل کو شنوائی کا موقع دینے کے بعد اس کی رجسٹریشن منسوخ کر سکتا ہے، اگر—

(a) قائدہ ۵ کے تحت رجسٹریشن کی معطلی یا پابندی کی وجہ کم از کم نوّے دن کے عرصہ تک جاری رہے؛

(b) مجاز درمیانی عامل کمیشن کی طرف سے نافذ، اگر کوئی ہو، کوئی جرمانہ ادا کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے یا انکار کر دیتا ہے؛

(c) کمیشن یہ تعین کرے کہ رجسٹریشن کی تنسیخ کیپٹل مارکیٹ کے مفاد میں ہے؛

(d) دائرہ اختیار رکھنے والی اہل عدالت نے مجاز درمیانی عامل کے خاتمے کا حکم صادر کر دیا ہو یا کوئی قرارداد منظور ہو گئی ہو یا مجاز درمیانی عامل کے رضاکارانہ خاتمے کی پٹیشن فائل کی گئی ہو؛

(e) کمیشن کو، معقول بنیادوں پر، یہ یقین ہو جائے کہ کوئی دوسرا شخص جس کا حوالہ قائدہ ۳ کے ذیلی قائدہ (۲) میں دیا گیا ہو مجاز درمیانی عامل کے افعال بہتر اور مؤثر انداز سے ادا کرے گا؛

(f) رجسٹریشن، پابندی یا معطلی کے وقت مجاز درمیانی عامل کمیشن کی طرف سے لاگو شرائط یا پابندیوں کی تعمیل میں ناکام ہو جائے؛ یا

(g) مجاز درمیانی عامل کمیشن سے معقول بنیادوں پر یہ درخواست کرتا ہے کہ اس کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے۔

(2) کمیشن مجاز درمیانی عامل کی رجسٹریشن کو منسوخ کرتے وقت ایسے اقدامات اٹھائے گا اور ایسی ہدایات دے گا جو وہ بہتر سمجھے۔

7. مجاز درمیانی عامل پر قابل اطلاق شرائط۔- ایک مجاز درمیانی عامل—

(a) متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے بیوپار کو سہل بنانے کے لئے پلیٹ فارم فراہم کرے گا؛

(b) ان قواعد کے مطلوبات، ضوابط اور کمیشن کی طرف سے مخصوص مطلوبات اور کمیشن کی جاری کردہ ہدایات کی تعمیل یقینی بنائے گا؛

(c) تمام دیگر قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے مطابق متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کا حصّہ بننے اور مکمل کرنے کے صاف، شفاف اور مؤثر نظام کی فراہمی کی یقین دہانی کرے گا؛

(d) کمیشن کی منظوری کے ساتھ ضوابط میں وقتاً فوقتاً مناسب ترامیم کرے گا؛

(e) متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے حوالے سے تمام لین دین کا درست اندراج کرے گا؛

(f) کمیشن کی طرف سے مخصوص کردہ میقاتی گوشوارے اور دیگر معلومات کمیشن کو جمع کرائے گا؛

(g) متعلقہ لیوریجڈ مارکیٹ معاہدوں کے حوالے سے عوام کو صحیح طور پر ایسی معلومات، جو کمیشن کی طرف سے مخصوص ہو، پیش کرے گا؛

(h) ضوابط میں مخصوص مارجنز حاصل کرے گا اور برقرار رکھے گا؛

(i) یہ یقین دہانی کرے گا کہ مارجن فنانسر اور/یا ٹریڈنگ فنانسر کی طرف سے کسی بھی وقت میں فراہم کردہ تمام سرمایہ کاری یا ایک فنانسی یا ایک بروکر کے گاہکوں کو فراہم کردہ تمام سرمایہ کاری یا کسی خاص سکیورٹی کے حوالے سے فراہم کردہ تمام سرمایہ کاری ضوابط میں متعین حدود سے تجاوز نہ کرے؛

(j) یہ یقین دہانی کرے گا کہ ایک یا تمام فنانسیز یا کسی خاص سکیورٹی میں حاصل ہونے والی کل سرمایہ کاری، کسی بھی وقت پر، ضوابط میں متعین حدود سے تجاوز نہ کرے؛

(k) یہ یقین دہانی کرے گا کہ قرض دہندہ کی جانب سے دیا گیا قرض اور قرض دار کی جانب سے لیا گیا قرض، کسی بھی وقت، کسی مخصوص سکیورٹی کی حدود سے تجاوز نہ کرے جو ضوابط میں متعین ہیں؛

(l) کمیشن کو غلط، گمراہ کن یا نامکمل معلومات فراہم نہیں کرے گا؛

(m) کمیشن کے حکم پر کئے گئے کسی آڈٹ، پوچھ گچھ، معائنہ یا تفتیش میں تعاون کرے گا؛ اور

(n) کمیشن کی طرف سے جاری کردہ دیگر ہدایات کی تعمیل کرے۔

تیسرا باب

مارجن فنانسنگ

8. **مارجن فنانسر کی اہلیت کا معیار۔** ایک شخص مارجن فنانسر کے طور پر رجسٹریشن کی درخواست دینے کا اہل ہوگا، اگر—

(a) ایسا شخص—

(i) ایک بروکر ہے؛

(ii) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ والی ایک بینکنگ کمپنی ہے جس کی وضاحت بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ (نمبر ۵۷، مجریہ ۱۹۶۲) میں کر دی گئی ہے؛

(iii) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ والا ایک مالیاتی ادارہ ہے جس کا احاطہ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ (نمبر ۵۷، مجریہ ۱۹۶۲) کی دفعہ 3A میں کر دیا گیا ہے؛

(iv) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ کے والی ایک انویسٹمنٹ فنانس کمپنی ہے جو کمیشن کی طرف سے انویسٹمنٹ فنانس کی خدمات فراہم کرنے کے لئے لائسنس یافتہ ہے؛

(v) کوئی ایسا دیگر کارپوریٹ ادارہ جو کمیشن سے منظور شدہ ہو اور جس کی سفارش درمیانی عامل نے کی ہو۔

(b) ایسا شخص ضوابط میں متعین کم سے کم نیٹ کیپٹل اور کیپٹل ایڈیکوئسی کے مطلوبات کو پورا کرتا ہے؛

(c) ایسے شخص کے پاس کسی بھی سکیورٹی کو خریدنے یا چلانے کی غرض سے قرض کو بڑھانے یا برقرار رکھنے کے لئے معقول مالیاتی، تکنیکی، تنظیمی اور انسانی وسائل موجود ہوں؛

(d) ایسا شخص کسی انضباطی مطالبہ کی عدم تعمیل نہ کر رہا ہو؛

(e) ایسے شخص پر کسی قانون کے تحت دھوکہ دہی، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کسی جرم یا کوئی دیگر جرم جو اخلاقی گراوٹ پر مشتمل ہو، کا فرد جرم عائد نہ ہوا ہو اور کمپنی کی صورت میں اس کے کوئی بھی ڈائریکٹرز یا اہم حصص داران، جو بھی صورت ہو، کسی قانون کے تحت دھوکہ دہی، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کسی جرم یا کوئی دیگر جرم جو اخلاقی گراوٹ پر مشتمل ہو، پر فرد جرم عائد نہ ہوا ہو؛

(f) کمیشن کی طرف سے کی گئی کسی پوچھ گچھ یا تفتیش میں ایسے شخص یا ڈائریکٹرز یا اہم حصص داران کے خلاف بدانتظامی یا غبن جیسے ناموافق نتائج نہ نکلے ہوں؛

(g) اختتام، مقدوریت یا ان سے ملتی جلتی کسی دادرسی کے حوالے سے کوئی کارروائی زیر التوانہ ہو؛

(h) بروکر کی صورت میں—

(i) وہ سٹاک ایکسچینج پر تجارت کے جائز حقوق رکھتا ہو اور یہ حقوق معطل نہ ہوئے ہوں؛

(ii) سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت کسی ذمہ داری کی ادائیگی کا نادہندہ نہ ہو؛

(iii) اس کے کوئی بھی اہم حصص داران، ڈائریکٹرز یا چیف ایگزیکٹو افسر جس بھی نام سے بلایا جائے نہیں رہے ہوں گے—

(i) اہم حصص دار، ڈائریکٹر، چیف ایگزیکٹو افسر، کسی بروکر کے شراکت دار جو سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت نادہندگی کے باعث یا کسی اور وجہ سے نادہندہ ظاہر کر دئے گئے ہوں یا برطرف کر دئے گئے ہوں؛ یا

(ii) بروکر جو سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت نادہندگی کے باعث یا کسی اور وجہ سے نادہندہ ظاہر کر دیا گیا ہو یا برطرف کر دیا گیا ہو؛

(i) ایسا شخص جو سنٹرل ڈپازٹری سسٹم میں شراکت دار یا کھاتہ دار ہو اور اس کا منصب بطور شراکت دار یا کھاتہ دار معطل یا منسوخ نہ ہو گیا ہو؛

(j) ایسا شخص کلیئرنگ کمپنی کا کلیئرنگ رکن ہو اور اس کا منصب بطور کلیئرنگ رکن معطل یا منسوخ نہ ہو گیا ہو؛ اور

(k) ایسا شخص ایسے دیگر مطلوبات پر پورا اترا ہو جو کمیشن کی طرف سے متعین ہوں۔

9. مارجن فنانسر کی رجسٹریشن۔-

(1) قائدہ ۸ کے تحت رجسٹریشن کے لئے اہل شخص مجاز درمیانی عامل کو رجسٹریشن کے لئے درخواست دے گا جو درج ذیل دستاویزات کے ہمراہ ہو گی:-

(a) دستاویزات جو یہ ظاہر کریں کہ قائدہ ۸ کی شقوں (a)، (b)، (c)، (g)، (h)، (i) اور (j) کے مطلوبات پورے کر دئے گئے ہیں؛

(b) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں کمپنی کا دستور اور کمپنی کے قواعد و ضوابط؛

(c) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں اس کے چیف ایگزیکٹو افسر اور ڈائریکٹرز کے کوائف جس میں ان کی ولدیت، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، رہائشی پتہ، دوسری کمپنیوں میں ڈائریکٹر شپس اور دوسری کمپنیوں میں اہم حصّہ داری شامل ہیں؛

(d) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں اہم حصص داران کی فہرست؛

(e) ضمیمے میں دئے گئے فارم-II میں مخصوص کردہ انداز سے ایک بیان حلفی کہ درخواست گزار قائدہ ۸ کے مطلوبات کی خلاف ورزی نہیں کر رہا؛

(f) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں، تازہ ترین محاسبے کے مالیاتی گوشواروں کی نقل یا فرد ہونے کی صورت میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو جمع کرائی گئی محصول آمدنی کی نقل؛

(g) ضوابط میں مخصوص درخواست کی فیس، اخراجات، ڈیپازٹس اور امداد کی ادائیگی کا ثبوت؛ اور

(h) ضوابط میں مخصوص کوئی دیگر دستاویز۔

(2) اگر مجاز درمیانی عامل مطمئن ہو کہ قائدہ ۸ کے تحت اہلیت کے معیار کو پورا کیا گیا ہے اور قائدہ ۹ کے تحت درکار دستاویزات جمع کروادئے گئے ہیں تو مجاز درمیانی عامل درخواست گزار کو مارجن فنانسر کے طور پر رجسٹر کر سکتا ہے۔

(3) ایک مارجن فنانسر اپنے کاروبار کا آغاز اس وقت تک نہیں کرے گا جب تک اس نے مجاز درمیانی عامل کو درکار اور ضوابط میں مخصوص معاہدوں اور یقین دہانیوں پر عمل درآمد نہ کر لیا ہو اور ایسے دستاویزات فراہم نہ کر دئے ہوں۔

وضاحت: قائدہ۹ کے ذیلی قائدہ (۱) کی شق(b) کے مقاصد کے لئے جہاں درخواست گزار ایک کارپوریٹ انٹیٹی ہو تو چیف ایگزیکٹو افسر، صدر تعمیلی افسر، کمپنی سکریٹری یا ان کے مساوی اس کا حلفی گواہ ہوگا اور جہاں درخواست گزار ایک حقیقی شخص ہوگا تو اس کا حلفی گواہ درخواست گزار خود ہوگا۔

10. رجسٹریشن کرنے سے انکار۔-

(1) قائدہ ۹ کے تحت رجسٹریشن کے لئے دی گئی کوئی بھی درخواست درخواست گزار کو شنوائی کا موقع دئے بغیر نامنظور نہیں کی جائے گی۔

(2) اگر مجاز درمیانی عامل درخواست گزار کی رجسٹریشن سے انکار کر دیتا ہے تو درخواست گزار کو وجوہات کے ساتھ اس فیصلے کے بارے میں مطلع کر دیا جائے گا۔

11. مارجن فنانسر کی معطلی یا اس پر پابندی۔-

(1) مجاز درمیانی عامل فوری طور پر مارجن فنانسر کو مارجن فنانسنگ کی فراہمی سے معطل یا پابند کر سکتا ہے اور بلا تاخیر کمیشن اور مارکیٹ کے شراکت داروں کو ایسی معطلی یا پابندی کی اطلاع دے گا، اگر ایسا فنانسر—

(a) قائدہ۸ میں مخصوص اہلیت کی شرائط کی تعمیل نہیں کرتا؛

(b) ان قواعد کی کسی شق یا کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ہدایات، احکام یا مراسلوں کی تعمیل سے انکار کرتا ہے یا اس میں ناکام رہتا ہے؛

(c) ضوابط کی تعمیل سے انکار کر دیتا ہے یا اس میں ناکام رہتا ہے؛ یا

(d) مجاز درمیانی عامل کو پیش کردہ سکیورٹی یا معاہدے کے تحت کسی ذمہ داری کی خلاف ورزی میں ہو یا ایسی کسی سکیورٹی یا معاہدے کے تحت کسی اہم ذمہ داری کی ادائیگی سے غیر قانونی ہو جائے یا ایسی کسی سکیورٹی یا معاہدے کو کالعدم یا نامنظور قرار دے دیا جائے یا ان کی میعاد یا نفاذ پر مارجن فنانسر یا کسی اور فریق جو ایسی سکیورٹی پیش کر رہی ہو پر اعتراض کرے۔

(2) جہاں مجاز درمیانی عامل ذیلی قائدہ(۱) کے تحت مارجن فنانسر کو معطل یا پابند کرنے میں ناکام ہو جائے یا اسے نظرانداز کرے تو کمیشن مارجن فنانسر کو مارجن فنانسنگ کی فراہمی سے معطل یا پابند کر سکتا ہے۔

12. مارجن فنانسر کی رجسٹریشن کی تنسیخ۔-

(1) مجاز درمیانی عامل مارجن فنانسر کو شنوائی کا موقع فراہم کرنے کے بعد اس کی رجسٹریشن منسوخ کر سکتا ہے، اگر—

(a) قائدہ۸ میں مخصوص اہلیت کی شرائط کی تعمیل نہیں کرتا؛

(b) قائدہ ۱۱ کے تحت معطلی یا پابندی کی وجہ پینتالیس دن کے عرصہ سے تجاوز کر جائے؛

(c) مارجن فنانسر مجاز درمیانی عامل یا کمیشن کو درکار معلومات پیش نہیں کرتا یا نامکمل یا غلط معلومات پیش کرتا ہے؛

(d) کمیشن کی طرف سے جاری کردہ حکم کے تحت کسی محاسبہ، پوچھ گچھ، معائنہ یا تفتیش میں تعاون سے انکار کر دیتا ہے یا ناکام ہو جاتا ہے؛

(e) دائرہ اختیار رکھنے والی اہل عدالت مارجن فنانسر کے خاتمے یا سیالیت کا حکم دیتی ہے؛

(f) مارجن فنانسر کے حصص داران یا قرض دہندگان نے اسے انجام تک پہنچانے کے لئے کوئی اقدامات کئے ہوں؛ یا

(g) مارجن فنانسر یا اس کے اثاثوں کے ایک بڑے حصّے کے حوالے سے ایک وصول کنندہ، منصرم یا متشابہ اہلکار کی تقرّری کی گئی ہو۔

(2) ذیلی قائدہ(۱) میں بیان کئے گئے واقعات میں سے کسی کے وقوع پزیر ہونے کے نتیجے میں مجاز درمیانی عامل مجاز فنانسر کی رجسٹریشن کو منسوخ کرنے میں ناکام ہوتا ہے تو کمیشن مارجن فنانسر کو شنوائی کا موقع دینے کے بعد مجاز درمیانی عامل کو یہ ہدایات جاری کرے گا کہ وہ ایسے مارجن فنانسر کی رجسٹریشن منسوخ کر دے اور ایسی ہدایات ملنے پر مجاز درمیانی عامل فوراً ایسے مارجن فنانسر کی رجسٹریشن منسوخ کر دے گا۔

13. مارجن فنانسر پر قابل اطلاق شرائط۔- ایک مارجن فنانسر—

(a) سٹاک ایکسچینج پر ہونے والی تجارت کے حوالے سے صرف سکیورٹیز کو چلانے یا خریدنے کے لئے مارجن فنانسنگ پیش کی جائے گی؛

(b) فنانسی کے ساتھ مارجن فنانسنگ کا معاہدہ کئے بغیر مارجن فنانسنگ پیش نہیں کرے گا معاہدے میں ضمیمے میں واضح کردہ فارم V میں مخصوص شقیں من جملہ دیگر اشیاء کے شامل ہوں گی؛

(c) تمام اوقات میں ضوابط اور کمیشن کی جاری کردہ تمام ہدایات اور مراسلوں کی تعمیل کرے گا؛

(d) یہ یقین دہانی کرے گا کہ مجاز درمیانی عامل کو سچی اور مکمل معلومات دی جا رہی ہے؛ اور

(e) اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ ۲۰۱۰ (ایکٹ ۷، مجریہ ۲۰۱۰) کی شقوں اور اس کے تحت بنائے گئے تمام قواعد و ضوابط کی تعمیل کرے گا۔

14. بروکرز جو مارجن فنانسرز ہوں پر قابل اطلاق اضافی شرائط۔- قائدہ ۱۳ میں دی گئی شقوں کے علاوہ ایک بروکر جو مارجن فنانسر کے طور پر رجسٹرڈ ہے وہ —

(a) قائدہ ۸ کی شق (a) کی ذیلی شقوں (ii)، (iii) اور (iv) میں مخصوص مالیاتی اداروں سے سرمایہ ادھار لے کر یا اپنا سرمایہ استعمال کر کے مارجن فنانسنگ فراہم کرے گا؛

(b) اپنے گاہکوں کا سرمایہ کسی اور شخص یا پروپرائٹری اکاؤنٹ کو مارجن فنانسنگ فراہم کرنے کے لئے استعمال نہیں کرے گا؛

(c) مجاز درمیانی عامل کے فراہم کردہ پلیٹ فارم کے ذریعے کے علاوہ مارجن فنانسنگ فراہم نہیں کرے گا؛

(d) جائزہ خطراتِ قرض کے طریقوں (credit risk assessment methodology) کے ذریعے گاہک کی ساکھ کی باقاعدہ قدر پیمائی کے بغیر کسی گاہک کو مارجن فنانسنگ فراہم نہ کرے؛ اور

(e) کسی ایسے شخص کو مارجن فنانسنگ فراہم نہیں کرے گا جو اس کا گاہک نہ ہو۔

15. مارجن فنانسنگ کے انضباطی مطلوبات۔- کمیشن کے ہدایت کردہ انداز سے مجاز درمیانی عامل درج ذیل معاملات کو تفصیل سے بیان کرے گا، جیسا کہ :-

(a) سکیورٹیز کے انتخاب کا معیار جن کے لئے مارجن فنانسنگ حاصل کی جاسکتی ہو جس میں سیالیت کے کم سے کم مطلوبات شامل ہیں؛

(b) بروکر کی جانب سے مالکانہ منصب کے لئے، اکیلے گاہک کی جانب سے ایک یا ایک سے زیادہ بروکرز کے ذریعے یا اکیلے بروکر کے تمام گاہکوں کی جانب سے یا مجموعی طور پر بروکر کی جانب سے پروپرائٹری اکاؤنٹ اور گاہک کے لئے تجارت سے مارجن فنانسنگ کی حاصل ہونے والی زیادہ سے زیادہ حدود؛

(c) بروکر کی جانب سے مالکانہ منصب کے لئے، اکیلے گاہک کی جانب سے ایک یا ایک سے زیادہ بروکرز کے ذریعے یا اکیلے بروکر کے تمام گاہکوں کی جانب سے یا مجموعی طور پر بروکر کی جانب سے پروپرائٹری اکاؤنٹ اور گاہک کے لئے تجارت سے مارجن فنانسنگ کی حاصل ہونے والی زیادہ سے زیادہ حدود، کسی بھی وقت، کسی مخصوص رسید میں؛

(d) مارجن فنانسنگ کے تحت فنانس پر لی گئی سکیورٹیز کی کل قدر کی شرح جو فنانسی کی جانب سے ایسی سکیورٹیز کی خریداری کے لئے فنانسی کی کم سے کم ایکویٹی کی شراکت کے طور پر نقد قابل ادا ہو گی؛

(e) مارجن فنانسرز کی معطلی یا نظم وضبط بشمول ان افعال کی انجام دہی کی بنیاد؛

(f) وہ قواعد وضوابط جن کے تحت مارجن فنانسنگ فراہم کی جائے؛

(g) مجاز درمیانی عامل کی جانب سے مارجن فنانسنگ کی تفصیلات کی ریکارڈنگ اور اشاعت؛

(h) مارجن فنانسنگ کے حوالے سے قابل ادا فیس، اخراجات، ڈیپازٹس اور امداد؛

(i) مارجن فنانسر اور ایسے بروکرز جو فنانسیز ہوں یا ایسے گاہکوں کے لئے کام کر رہے ہوں جو فنانسیز ہوں سے مارجن فنانسنگ سے متعلق تفصیلات کی رپورٹنگ؛

(j) کوئی دیگر معاملہ جو ان قواعد کے مؤثر نفاذ اور بجاآوری کے لئے ضروری سمجھا جائے۔

چوتھا باب

مارجن ٹریڈنگ

16. تجارتی سرمایہ کار کی اہلیت کا معیار۔ ایک شخص تجارتی سرمایہ کار کے طور پر رجسٹریشن کی درخواست دینے کا اہل ہوگا، اگر—

(a) ایسا شخص—

(i) ایک بروکر ہے؛

(ii) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ والی ایک بینکنگ کمپنی ہے جس کی وضاحت بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ (نمبر ۵۷، مجریہ ۱۹۶۲) میں کر دی گئی ہے؛

(iii) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ والا ایک مالیاتی ادارہ ہے جس کا احاطہ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ (نمبر ۵۷، مجریہ ۱۹۶۲) کی دفعہ 3A میں کر دیا گیا ہے؛

(iv) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ والی ایک انویسٹمنٹ فنانس کمپنی ہے جو کمیشن کی طرف سے انویسٹمنٹ فنانس کی خدمات فراہم کرنے کے لئے لائسنس یافتہ ہے؛

(v) مجموعی سرمایہ کا منصوبہ ہے جیسا کہ نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ انٹیٹیز ریگولیشنز ۲۰۰۸ میں بیان کیا گیا ہے اور ایکویٹی منصوبے یا مارجن ٹریڈنگ میں سرمایہ کاری کے مقصد کے لئے بنائے گئے کسی منصوبے کے زمرے میں آتا ہو بشرطیکہ اس کے وضع کردہ دستاویزات ایسے منصوبے کو مارجن ٹریڈنگ کے لئے سرمایہ کی فراہمی کی اجازت دیتے ہوں؛

(vi) کمیشن سے منظور شدہ اور مجاز درمیانی عامل کی طرف سے سفارش کردہ ایسی دیگر کارپوریٹ انٹیٹی ہے؛

(b) ایسا شخص ضوابط میں متعین کم سے کم نیٹ کیپٹل اور کیپٹل ایڈیکوئسی کے مطلوبات کو پورا کرتا ہے؛

(c) ایسے شخص کے پاس کسی بھی سکیورٹی کو خریدنے یا چلانے کی غرض سے قرض کو بڑھانے یا برقرار رکھنے کے لئے معقول مالیاتی، تکنیکی، تنظیمی اور انسانی وسائل موجود ہوں؛

(d) ایسا شخص کسی انضباطی مطالبہ کی عدم تعمیل نہ کر رہا ہو؛

(e) ایسے شخص پر کسی قانون کے تحت دھوکہ دہی، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کسی جرم یا کوئی دیگر جرم جو اخلاقی گراوٹ پر مشتمل ہو، کا فرد جرم عائد نہ ہوا ہو اور کمپنی یا اَیسٹ مینجمنٹ کمپنی کی صورت میں اس کے کوئی بھی ڈائریکٹر زاور اہم حصص داران، جو بھی صورت ہو، کسی قانون کے تحت دھوکہ دہی، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کسی جرم یا کوئی دیگر جرم جو اخلاقی گراوٹ پر مشتمل ہو، پر فرد جرم عائد نہ ہوا ہو؛

(f) کمیشن کی طرف سے اس کے خلاف کی گئی کسی پوچھ گچھ یا تفتیش میں بد انتظامی یا غبن جیسے ناموافق نتائج نہ نکلے ہوں اور کمپنی یا اَیسٹ مینجمنٹ کمپنی (جہاں درخواست گزار مجموعی سرمایہ کاری کا منصوبہ ہو) کی صورت میں اس کے ڈائریکٹر زیا اہم حصص داران میں سے کسی کے خلاف بھی کوئی ایسے نتائج درج نہ کئے گئے ہوں؛

(g) اختتام، مقدوریت یا ان سے ملتی جلتی کسی دادرسی کے حوالے سے کوئی کارروائی زیر التوانہ ہو؛

(h) بروکر کی صورت میں—

(i) وہ سٹاک ایکسچینج پر تجارت کے جائز حقوق رکھتا ہو اور یہ حقوق معطل نہ ہوئے ہوں؛

(ii) سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت کسی ذمہ داری کی ادائیگی کا نادہندہ نہ ہو؛

(iii) اس کے اہم حصص داران، ڈائریکٹر زیا چیف ایگزیکٹو افسر، جس بھی نام سے بلایا جائے، میں سے کوئی بھی—

(i) کسی بروکر کا اہم حصص دار، ڈائریکٹر، چیف ایگزیکٹو افسر، شراکت دار نہ رہا ہو جسے سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت نادہندگی کی بنا پر یا کسی دیگر وجہ سے برطرف کر دیا گیا ہو یا نادہندہ قرار دیا گیا ہو؛ یا

(ii) بروکر نہ رہا ہو جسے سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت نادہندگی کی بنا پر یا کسی دیگر وجہ سے برطرف کر دیا گیا ہو یا نادہندہ قرار دیا گیا ہو؛

(i) ایسا شخص جو سنٹرل ڈپازٹری سسٹم میں شراکت دار یا کھاتہ دار ہو اور اس کا منصب بطور شراکت دار یا کھاتہ دار معطل یا منسوخ نہ ہو گیا ہو؛

(j) ایسا شخص کلیئرنگ کمپنی کا کلیئرنگ رکن ہو اور اس کا منصب بطور کلیئرنگ رکن معطل یا منسوخ نہ ہو گیا ہو؛ اور

(k) ایسا شخص ایسے دیگر مطلوبات پر پورا اترا ہو جو کمیشن کی طرف سے متعین ہوں۔

17. تجارتی سرمایہ کار کی رجسٹریشن۔-

(1) جو شخص قائدہ ۱۶ کے تحت رجسٹریشن کا اہل ہو گا وہ مجاز درمیانی عامل کو رجسٹریشن کے لئے درج ذیل دستاویزات کے ہمراہ درخواست دے گا:-

(a) دستاویزات جو یہ ظاہر کریں کہ قائدہ ۱۶ کی شقوں (a)، (b)، (c)، (g)، (h)، (i) اور (j) کے مطلوبات پورے کر دئے گئے ہیں؛

(b) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں کمپنی کا دستور اور کمپنی کے قواعد و ضوابط اور مجموعی سرمایہ کاری کے منصوبے کی صورت میں اس کے معاون دستاویزات؛

(c) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں اس کے چیف ایگزیکٹو افسر اور ڈائریکٹرز کے کوائف جس میں ان کی ولدیت، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، رہائشی پتہ، دوسری کمپنیوں میں ڈائریکٹر شپس اور دوسری کمپنیوں میں اہم حصّہ داری شامل ہیں اور مجموعی سرمایہ کاری کے منصوبے کی صورت میں اَیسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو افسر کی مماثل تفصیلات؛

(d) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں اہم حصص داران کی فہرست؛

(e) ضمیمے میں دئے گئے فارم-III میں مخصوص کردہ انداز سے ایک بیان حلفی کہ درخواست گزار قائدہ ۱۶ کے مطلوبات کی خلاف ورزی نہیں کر رہا؛

(f) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں، تازہ ترین محاسبے کے مالیاتی گوشواروں کی نقل یا فرد ہونے کی صورت میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو جمع کرائی گئی محصول آمدنی کی نقل؛

(g) ضوابط میں مخصوص درخواست کی فیس، اخراجات، ڈیپازٹس اور امداد کی ادائیگی کا ثبوت؛ اور

(h) ضوابط میں مخصوص کوئی دیگر دستاویز۔

(2) اگر مجاز درمیانی عامل مطمئن ہو کہ قائدہ ۱۶ کے تحت اہلیت کے معیار کو پورا کیا گیا ہے اور قائدہ ۱۷ کے تحت درکار دستاویزات جمع کروادئے گئے ہیں تو مجاز درمیانی عامل درخواست گزار کو تجارتی سرمایہ کار کے طور پر رجسٹر کر سکتا ہے۔

(3) ایک تجارتی سرمایہ کار اپنے کاروبار کا آغاز بطور تجارتی سرمایہ کار اس وقت تک نہیں کرے گا جب تک اس نے مجاز درمیانی عامل کو درکار اور ضوابط میں مخصوص معاہدوں اور یقین دہانیوں پر عمل درآمد نہ کر لیا ہو اور ایسے دستاویزات فراہم نہ کر دئے ہوں۔

وضاحت: ذیلی قائدہ (۱) کی شق (b) کے مقاصد کے لئے جہاں درخواست گزار ایک کارپوریٹ انٹیٹی ہو تو چیف ایگزیکٹو افسر، صدر تعمیلی افسر، کمپنی سکریٹری یا ان کے مساوی اس کا حلفی گواہ ہو گا اور جہاں درخواست گزار ایک حقیقی شخص ہو گا تو اس کا حلفی گواہ درخواست گزار خود ہو گا۔

18. رجسٹریشن کرنے سے انکار۔-

(1) قائدہ ۱۷ کے تحت رجسٹریشن کے لئے دی گئی کوئی بھی درخواست درخواست گزار کو شنوائی کا موقع دئے بغیر نامنظور نہیں کی جائے گی۔

(2) اگر مجاز درمیانی عامل درخواست گزار کی رجسٹریشن سے انکار کر دیتا ہے تو درخواست گزار کو وجوہات کے ساتھ اس فیصلے کے بارے میں مطلع کر دیا جائے گا۔

19. تجارتی سرمایہ کار کی معطلی یا اس پر پابندی۔-

(1) مجاز درمیانی عامل فوری طور پر تجارتی سرمایہ کار کی مارجن ٹریڈنگ کے لئے سرمایہ کی فراہمی پر پابندی عائد کر سکتا ہے اور بلا تاخیر کمیشن اور مارکیٹ کے شراکت داروں کو ایسی معطلی یا پابندی کی اطلاع دے گا، اگر ایسا تجارتی سرمایہ کار—

(a) رجسٹریشن کے بعد قائدہ ۱۶ میں مخصوص اہلیت کی شرائط کی تعمیل نہیں کرتا؛

(b) ان قواعد کی کسی شق یا کمیشن کی طرف سے جاری کردہ کسی ہدایات، احکام یا مراسلوں کی تعمیل سے انکار کرتا ہے یا اس میں ناکام رہتا ہے؛

(c) ضوابط کی تعمیل سے انکار کر دیتا ہے یا اس میں ناکام رہتا ہے؛ یا

(d) مجاز درمیانی عامل کو پیش کردہ سکیورٹی یا معاہدے کے تحت کسی ذمہ داری کی خلاف ورزی میں ہو یا ایسی کسی سکیورٹی یا معاہدے کے تحت کسی اہم ذمہ داری کی ادائیگی سے غیر قانونی ہو جائے یا ایسی کسی سکیورٹی یا معاہدے کو کالعدم یا نامنظور قرار دے دیا جائے یا ان کی میعاد یا نفاذ پر تجارتی سرمایہ کار یا کوئی اور فریق جو ایسی سکیورٹی پیش کر رہا ہو پر اعتراض کرے۔

(2) جہاں مجاز درمیانی عامل ذیلی قائدہ (۱) کے تحت تجارتی سرمایہ کار کو معطل یا پابند کرنے میں ناکام ہو جائے یا اسے نظر انداز کرے تو کمیشن ایسے تجارتی سرمایہ کار کو معطل یا پابند کر سکتا ہے۔

20. تجارتی سرمایہ کار کی رجسٹریشن کی تنسیخ۔-

(1) مجاز درمیانی عامل تجارتی سرمایہ کار کو شنوائی کا موقع فراہم کرنے کے بعد اس کی رجسٹریشن منسوخ کر سکتا ہے اور فوری طور پر ایسی منسوخی کی اطلاع کمیشن کو دے گا، اگر—

(a) قائدہ ۱۹ کے تحت معطلی یا پابندی کی وجہ پینتالیس دن کے عرصہ سے تجاوز کر جائے؛

(b) تجارتی سرمایہ کار مجاز درمیانی عامل یا کمیشن کو درکار معلومات پیش کرنے میں ناکام ہوتا ہے یا انکار کرتا ہے یا نامکمل یا غلط معلومات پیش کرتا ہے؛

(c) کمیشن کی طرف سے جاری کردہ حکم کے تحت کسی محاسبہ، پوچھ گچھ، معائنہ یا تفتیش میں تعاون سے انکار کر دیتا ہے یا ناکام ہو جاتا ہے؛

(d) دائرہ اختیار رکھنے والی اہل عدالت تجارتی سرمایہ کار کے خاتمے یا سیالیت کا حکم دیتی ہے؛

(e) تجارتی سرمایہ کار کے حصص داران یا قرض دہندگان کی جانب سے رضاکارانہ تحلیل کے لئے اٹھایا جانے والا کوئی بھی قدم؛ یا

(f) تجارتی سرمایہ کار یا اس کے اثاثوں کے ایک بڑے حصّے کے حوالے سے ایک وصول کنندہ، منصرم یا متشابہ اہلکار کی تقرّری کی گئی ہو۔

(2) ذیلی قائدہ (۱) میں بیان کئے گئے واقعات میں سے کسی کے وقوع پزیر ہونے کے نتیجے میں کمیشن تجارتی سرمایہ کار کو شنوائی کا موقع دینے کے بعد مجاز درمیانی عامل کو یہ ہدایات جاری کرے گا کہ وہ ایسے تجارتی سرمایہ کار کی رجسٹریشن منسوخ کردے اور ایسی ہدایات ملنے پر مجاز درمیانی عامل فوراً ایسے تجارتی سرمایہ کار کی رجسٹریشن منسوخ کردے گا۔

21. تجارتی سرمایہ کار پر قابل اطلاق شرائط۔- ایک تجارتی سرمایہ کار—

(a) سٹاک ایکسچینج پر ہونے والی تجارت کے حوالے سے صرف سکیورٹیز کو چلانے یا خریدنے کے لئے سرمایہ پیش کیا جائے؛

(b) تمام اوقات میں ضوابط اور کمیشن کی جاری کردہ تمام ہدایات اور مراسلوں کی تعمیل کرے گا؛

(c) یہ یقین دہانی کرے گا کہ مجاز درمیانی عامل کو سچی اور مکمل معلومات دی جارہی ہے؛ اور

(d) اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ ۲۰۱۰ (ایکٹ ۷، مجریہ ۲۰۱۰) کی شقوں اور اس کے تحت بنائے گئے تمام قواعد وضوابط کی تعمیل کرے گا۔

22. بروکرز جو تجارتی سرمایہ کاران ہوں پر قابل اطلاق اضافی شرائط۔-

(1) قائدہ ۲۱ میں دی گئی شقوں کے علاوہ ایک بروکر جو تجارتی سرمایہ کار کے طور پر رجسٹرڈ ہے وہ —

(a) قائدہ ۱۶ کی شق (a) کی ذیلی شقوں (ii)، (iii) اور (iv) میں مخصوص مالیاتی اداروں سے سرمایہ ادھار لے کر یا اپنا سرمایہ استعمال کرکے مارجن ٹریڈنگ کے تحت سرمایہ فراہم کرے گا یا ذیلی دفعہ (۲) سے مشروط اپنے کارپوریٹ گاہکوں کے فنڈز استعمال کرے گا اگر بروکر ایسے کارپوریٹ گاہکوں کے ساتھ معاہدہ کرچکا ہو جس میں ضمیمے میں واضح کردہ فارم VI میں مقررہ شقیں من جملہ دیگر اشیاء کے موجود ہوں؛

(b) شق (a) میں فراہم کردہ کے علاوہ اپنے گاہکوں کا سرمایہ کسی اور شخص یا پروپرائٹری اکاؤنٹ کو مارجن ٹریڈنگ کے تحت سرمایہ فراہم کرنے کے لئے استعمال نہیں کرے گا؛

(c) مجاز درمیانی عامل کے فراہم کردہ پلیٹ فارم کے ذریعے کے علاوہ مارجن ٹریڈنگ کے تحت سرمایہ فراہم نہیں کرے گا؛

(2) جہاں مارکیٹ کے مفاد میں ضروری سمجھے تو کمیشن،

(a) بروکرز کو مارجن ٹریڈنگ کے تحت سرمایہ کی فراہمی کے لئے فنڈز پیش کرنے والے کارپوریٹ گاہکوں کے لئے اہلیت کا معیار وضع کر سکتا ہے۔

(b) بروکرز کو عمومی طور پر یا بصورت دیگر کارپوریٹ گاہکوں کے سرمایہ کے استعمال سے منع یا پابند کر سکتا ہے۔

23. مارجن ٹریڈنگ کے انضباطی مطلوبات۔-

(1) مجاز درمیانی عامل، کمیشن کی دی گئی ہدایت پر درج ذیل معاملات کی وضاحت کرے گا:-

(a) سکیورٹیز کے انتخاب کا معیار جن کے لئے مارجن ٹریڈنگ کی خاطر سرمایہ حاصل کیا جا سکتا ہو جس میں سیالیت کے کم سے کم مطلوبات شامل ہیں؛

(b) خطرات کی مناظمت کا نظام جس میں کولیٹرل اور مارجن مطلوبات، ایکسپوژر مارجنز، پوزیشن لمیٹس، کلیکشن آف مارک ٹو مارکیٹ لاسز، ڈیپازٹس بشرطیکہ تمام مارجنز، ڈیپازٹس اور مارک ٹو مارک لاسز صرف نقد قابل ادا ہوں شامل ہیں لیکن اس تک محدود نہیں ہے؛

(c) بروکر کی جانب سے مالکانہ منصب کے لئے بروکر کے اکیلے گاہک کی جانب سے یا ایک بروکر کے تمام گاہکوں کی جانب سے یا مجموعی طور پر بروکر کی جانب سے پروپرائٹری اکاؤنٹ اور گاہک کے لئے تجارت حاصل کئے جانے والے سرمایہ کی زیادہ سے زیادہ حد؛

(d) بروکر کی جانب سے مالکانہ منصب کے لئے بروکر کے اکیلے گاہک کی جانب سے یا ایک بروکر کے تمام گاہکوں کی جانب سے یا مجموعی طور پر بروکر کی جانب سے پروپرائٹری اکاؤنٹ اور گاہک کے لئے تجارت حاصل کئے جانے والے سرمایہ کی زیادہ سے زیادہ حد، کسی مخصوص رسید میں کسی بھی وقت؛

(e) مارجن ٹریڈنگ میں فنانس پر لی گئی سکیورٹیز کی کل قدر کی شرح جو فنانسی کی جانب سے ایسی سکیورٹیز کی خریداری کے لئے فنانسی کی کم سے کم ایکویٹی کی شراکت کے طور پر صرف نقد قابل ادا ہو گی بشرطیکہ ایسی شرح پچیس فیصد سے کم نہ ہو اور بشرطیکہ ایسی ایکویٹی کی شراکت کی ادائیگی فنانسی بروکر سے کسی قسم کے سرمائے یا قرض کے ذریعے نہیں بلکہ اپنے ذرائع سے کرے گا؛

(f) تجارتی سرمایہ کار کی معطلی یا نظم وضبط بشمول ان افعال کی انجام دہی کی بنیاد؛

(g) وہ قواعد وضوابط جن کے تحت مارجن ٹریڈنگ کی جائے؛

(h) معائدے کی مدّت بشرطیکہ یہ مدّت ساٹھ دن سے تجاوز نہ کرے؛

(i) مجاز درمیانی عامل کی جانب سے مارجن ٹریڈنگ کی تفصیلات کی ریکارڈنگ اور اشاعت؛

(j) مارجن ٹریڈنگ کے حوالے سے قابل ادا فیس، اخراجات، ڈیپازٹس اور امداد؛

(k) تجارتی سرمایہ کار اور ایسے بروکرز جو فنانسیز ہوں یا ایسے گاہکوں کے لئے کام کر رہے ہوں جو فنانسیز ہوں سے مارجن ٹریڈنگ سے متعلق تفصیلات کی رپورٹنگ؛ اور

(l) کوئی دیگر معاملہ جو ان قواعد کے مؤثر نفاذ کے لئے ضروری سمجھا جائے۔

(2) جیسا کہ قائدہ ۲۲ کے شق (a) میں درج ہے کہ مارجن ٹریڈنگ کے لئے بروکر کے کارپوریٹ گاہک جانب سے فراہم کردہ فنڈز اس کے سرپلس فنڈز میں سے ہوں گے اور اس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے دئے جائیں گے۔

پانچواں باب

سکیورٹیز کا لین دین

24. سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کی اہلیت کا معیار۔ ایک شخص سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کے طور پر رجسٹریشن کی درخواست دینے کا اہل ہوگا، اگر—

(a) ایسا شخص—

(i) ایک بروکر ہے؛

(ii) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ والی ایک بینکنگ کمپنی ہے جس کی وضاحت بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ (نمبر ۵۷، مجریہ ۱۹۶۲) میں کر دی گئی ہے؛

(iii) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ والا ایک مالیاتی ادارہ ہے جس کا احاطہ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ (نمبر ۵۷، مجریہ ۱۹۶۲) کی دفعہ 3A میں کر دیا گیا ہے؛

(iv) ضوابط میں متعین کم سے کم کریڈٹ ریٹنگ کے والی ایک انویسٹمنٹ فنانس کمپنی ہے جو کمیشن کی طرف سے انویسٹمنٹ فنانس کی خدمات فراہم کرنے کے لئے لائسنس یافتہ ہے؛

(v) کمیشن سے منظور شدہ اور مجاز درمیانی عامل کی طرف سے سفارش کردہ ایسا دیگر شخص ہے؛

(b) ایسا شخص ضوابط میں متعین کم سے کم نیٹ کیپٹل اور کیپٹل ایڈیکوئسی کے مطلوبات کو پورا کرتا ہے؛

(c) ایسے شخص کے پاس سکیورٹی کے لین دین کے بیوپار کے لئے معقول مالیاتی، تکنیکی، تنظیمی اور انسانی وسائل موجود ہوں؛

(d) ایسا شخص کسی انضباطی مطالبہ کی عدم تعمیل نہ کر رہا ہو؛

(e) ایسے شخص پر کسی قانون کے تحت دھوکہ دہی، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کسی جرم یا کوئی دیگر جرم جو اخلاقی گراوٹ پر مشتمل ہو، کا فرد جرم عائد نہ ہوا ہو اور کمپنی اور فرم کی صورت میں اس کے کوئی بھی شراکت دار، ڈائریکٹرز اور اہم حصص داران، جو بھی صورت ہو، کسی قانون کے تحت دھوکہ دہی، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کسی جرم یا کوئی دیگر جرم جو اخلاقی گراوٹ پر مشتمل ہو، پر فرد جرم عائد نہ ہوا ہو؛

(f) کمیشن کی طرف سے کی گئی کسی پوچھ گچھ یا تفتیش میں ایسے شخص یا ڈائریکٹرز میں سے کسی بھی، اہم حصص داران یا شراکت داران کے خلاف بدانتظامی یا غبن جیسے ناموافق نتائج نہ نکلے ہوں؛

(g) اختتام، مقدوریت یا ان سے ملتی جلتی کسی دادرسی کے حوالے سے کوئی کارروائی زیر التوانہ ہو؛

(h) بروکر کی صورت میں—

(i) وہ سٹاک ایکسچینج پر تجارت کے جائز حقوق رکھتا ہو اور یہ حقوق معطل نہ ہوئے ہوں؛

(ii) سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت کسی ذمہ داری کی ادائیگی کا نادہندہ نہ ہو؛

(iii) اس کے کوئی بھی اہم حصص داران، ڈائریکٹرز یا چیف ایگزیکٹو افسر جس بھی نام سے بلایا جائے نہیں رہے ہوں گے—

(i) اہم حصص دار، ڈائریکٹر، چیف ایگزیکٹو افسر، کسی بروکر کے شراکت دار جو سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت نادہندگی کے باعث یا کسی اور وجہ سے نادہندہ ظاہر کر دئے گئے ہوں یا برطرف کر دئے گئے ہوں؛ یا

(ii) بروکر جو سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت نادہندگی کے باعث یا کسی اور وجہ سے نادہندہ ظاہر کر دیا گیا ہو یا برطرف کر دیا گیا ہو؛

(i) ایسا شخص جو سنٹرل ڈپازٹری سسٹم میں شراکت دار یا کھاتہ دار ہو اور اس کا منصب بطور شراکت دار یا کھاتہ دار معطل یا منسوخ نہ ہو گیا ہو؛

(j) ایسا شخص کلیئرنگ کمپنی کا تصفیہ رکن ہو اور اس کا منصب بطور تصفیہ رکن معطل یا منسوخ نہ ہو گیا ہو؛ اور

(k) ایسا شخص ایسے دیگر مطلوبات پر پورا اترا ہو جو کمیشن کی طرف سے متعین ہوں۔

25. سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کی رجسٹریشن۔-

(1) قائدہ ۲۴ کے تحت رجسٹریشن کے لئے اہل شخص مجاز درمیانی عامل کو رجسٹریشن کے لئے درخواست دے گا جو درج ذیل دستاویزات کے ہمراہ ہو گی:-

(a) دستاویزات جو یہ ظاہر کریں کہ قائدہ ۲۴ کی شقوں (a)، (b)، (c)، (g)، (h)، (i) اور (j) کے مطلوبات پورے کر دئے گئے ہیں؛

(b) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں کمپنی کا دستور اور کمپنی کے قواعد وضوابط؛

(c) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں اس کے چیف ایگزیکٹو افسر اور ڈائریکٹرز کے کوائف جس میں ان کی ولدیت، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، رہائشی پتہ، دوسری کمپنیوں میں ڈائریکٹر شپس اور دوسری کمپنیوں میں اہم حصّہ داری شامل ہیں؛

(d) درخواست گزار کے کمپنی ہونے کی صورت میں اہم حصص داران کی فہرست؛

(e) ضمیمے میں دئے گئے فارم-IV میں مخصوص کردہ انداز سے ایک بیان حلفی کہ درخواست گزار قائدہ ۲۴ کی شقوں (d)، (e) اور (f) کے مطلوبات کی خلاف ورزی نہیں کر رہا؛

(f) کمپنی ہونے کی صورت میں، تازہ ترین محاسبے کے مالیاتی گوشواروں کی نقل یا فرد ہونے کی صورت میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو جمع کرائی گئی محصول آمدنی کی نقل؛

(g) ضوابط میں مخصوص درخواست کی فیس، اخراجات، ڈیپازٹس اور امداد کی ادائیگی کا ثبوت؛ اور

(h) ضوابط میں مخصوص کوئی دیگر دستاویز۔

(2) اگر مجاز درمیانی عامل مطمئن ہو کہ قائدہ ۲۴ کے تحت اہلیت کے معیار کو پورا کیا گیا ہے اور قائدہ ۲۵(۱) کے تحت درکار دستاویزات جمع کروا دئے گئے ہیں تو مجاز درمیانی عامل درخواست گزار کو سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کے طور پر رجسٹر کر سکتا ہے۔

(3) ایک سکیورٹیز کا قرض دہندہ اور قرض دار اپنے کاروبار کا آغاز بطور سکیورٹیز کے قرض دہندہ یا قرض دار، جو بھی صورت ہو، اس وقت تک نہیں کرے گا جب تک اس نے مجاز درمیانی عامل کو درکار اور ضوابط میں مخصوص معاہدوں اور یقین دہانیوں پر عمل درآمد نہ کر لیا ہو اور ایسے دستاویزات فراہم نہ کر دئے ہوں۔

وضاحت: ذیلی قائدہ (۱) کی شق (b) کے مقاصد کے لئے جہاں درخواست گزار ایک کارپوریٹ انٹیٹی ہو تو چیف ایگزیکٹو افسر، صدر تعمیلی افسر، کمپنی سکریٹری یا ان کے مساوی اس کا حلفی گواہ ہوگا اور جہاں درخواست گزار ایک حقیقی شخص ہوگا تو اس کا حلفی گواہ درخواست گزار خود ہوگا۔

26. رجسٹریشن کرنے سے انکار۔-

(1) قائدہ ۲۵ کے تحت رجسٹریشن کے لئے دی گئی کوئی بھی درخواست درخواست گزار کو شنوائی کا موقع دئے بغیر نامنظور نہیں کی جائے گی۔

(2) اگر مجاز درمیانی عامل درخواست گزار کی رجسٹریشن سے انکار کر دیتا ہے تو درخواست گزار کو وجوہات کے ساتھ اس فیصلے کے بارے میں مطلع کر دیا جائے گا۔

27. سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کی معطلی یا اس پر پابندی۔-

(1) مجاز درمیانی عامل فوری طور پر سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کو سکیورٹیز کی لین دین کرنے سے معطل یا پابند کر سکتا ہے اور بلا تاخیر کمیشن اور مارکیٹ کے شراکت داروں کو ایسی معطلی یا پابندی کی اطلاع دے گا، اگر سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار—

(a) رجسٹریشن کے بعد قائدہ ۲۴ میں مخصوص اہلیت کی شرائط کی تعمیل نہیں کرتا؛ یا

(b) ان قواعد کی کسی شق یا کمیشن کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایات، احکام یا مراسلوں کی تعمیل سے انکار کرتا ہے یا اس میں ناکام رہتا ہے؛

(c) ضوابط کی تعمیل سے انکار کر دیتا ہے یا اس میں ناکام رہتا ہے؛

(d) مجاز درمیانی عامل کو پیش کردہ سکیورٹی یا معاہدے کے تحت کسی ذمہ داری کی خلاف ورزی میں ہو یا ایسی کسی سکیورٹی یا معاہدے کے تحت کسی اہم ذمہ داری کی ادائیگی سے غیر قانونی ہو جائے یا ایسی کسی سکیورٹی یا معاہدے کو کالعدم یا نامنظور قرار دے دیا جائے یا ان کی میعاد یا نفاذ پر سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار یا کسی اور فریق جو ایسی سکیورٹی پیش کر رہی ہو پر اعتراض کرے؛ یا

(e) ایسی صورت حال میں ہے جہاں تجارتی سرمایہ کار یا اس کے اثاثوں کے ایک بڑے حصّے کے حوالے سے ایک وصول کنندہ، منصرم یا متشابہ اہلکار کی تقرّری کی گئی ہو۔

(2) جہاں مجاز درمیانی عامل قائدہ ۲۷ کے ذیلی قائدہ (۱) کے تحت سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کو معطل یا پابند کرنے میں ناکام ہو جائے یا اسے نظر انداز کرے تو کمیشن سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کو معطل یا پابند کر سکتا ہے۔

28. سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کی رجسٹریشن کی تنسیخ۔-

(1) مجاز درمیانی عامل سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کو شنوائی کا موقع فراہم کرنے کے بعد اس کی رجسٹریشن منسوخ کر سکتا ہے اور فوری طور پر ایسی منسوخی کی اطلاع کمیشن کو دے گا، اگر—

(a) قائدہ ۲۴ میں مخصوص اہلیت کی شرائط کی تعمیل نہیں کرتا؛

(b) قائدہ ۲۷ کے تحت معطلی یا پابندی کی وجہ پینتالیس دن کے عرصہ سے تجاوز کر جائے؛

(c) وہ مجاز درمیانی عامل یا کمیشن کو درکار معلومات فراہم نہیں کرتا یا نامکمل یا غلط معلومات فراہم کرتا ہے؛

(d) کمیشن کی طرف سے جاری کردہ حکم کے تحت کسی محاسبہ، پوچھ گچھ، معائنہ یا تفتیش میں تعاون سے انکار کر دیتا ہے یا ناکام ہو جاتا ہے؛

(e) دائرہ اختیار رکھنے والی اہل عدالت سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کے خاتمے یا سیالیت کا حکم دیتی ہے؛ یا

(f) سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کے حصص داران یا قرض دہندگان نے اس کے رضاکارانہ خاتمے کے لئے کوئی اقدامات کئے ہوں۔

(2) ذیلی قائدہ (۱) میں بیان کئے گئے واقعات میں سے کسی کے وقوع پزیر ہونے کے نتیجے میں کمیشن مارجن فنانسر کو شنوائی کا موقع دینے کے بعد مجاز درمیانی عامل کو یہ ہدایات جاری کرے گا کہ وہ ایسے سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کی رجسٹریشن منسوخ کر دے اور ایسی ہدایات ملنے پر مجاز درمیانی عامل فوراً ایسے سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کی رجسٹریشن منسوخ کر دے گا۔

29. سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار پر قابل اطلاق شرائط۔-

(1) سکیورٹیز کا قرض دہندہ اور قرض دار—

(a) صرف مجاز درمیانی عامل کے فراہم کردہ پلیٹ فارم کے ذریعے کے سکیورٹیز کا لین دین کرے گا؛

(b) اپنے مفاد کے لئے یا گاہک کی جانب سے چاہے بالواسطہ یا بلا واسطہ ایسی کمپنی کی سکیورٹیز کا لین دین نہیں کرے گا جہاں قرض دار اور قرض دہندہ یا گاہک—

(i) ڈائریکٹر یا کفیل ہو؛

(ii) ایک منسلک کمپنی اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگ ہو؛

(iii) ایک حصص دار جس کو ایسی سکیورٹیز بیچنے سے روکا گیا ہو؛ یا

(iv) کمیشن کی جانب سے متعین کردہ کوئی بھی دیگر شخص۔

(c) اپنے مفاد یا گاہکوں کی جانب سے کوئی بھی سکیورٹی لینے یا دینے یا کسی بھی سکیورٹی کے لین دین کا بندوبست کرنے کا اہل ہو گا؛

(d) تمام اوقات میں ضوابط اور کمیشن کی جاری کردہ تمام ہدایات اور مراسلوں کی تعمیل کرے گا؛

(e) یہ یقین دہانی کرے گا کہ مجاز درمیانی عامل کو سچی اور مکمل معلومات دی جا رہی ہے؛ اور

(f) اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ ۲۰۱۰ (ایکٹ ۷، مجریہ ۲۰۱۰) کی شقوں اور اس کے تحت بنائے گئے تمام قواعد وضوابط کی تعمیل کرے گا۔

(2) سکیورٹیز کے لین دین کے تمام معاہدے اس سکیورٹی سے متعلق سپاٹ پیریڈ کے آغاز سے قبل آخری کام کے روز مبرّا قرار دئے جائیں گے اور قرض دار اور قرض دہندہ سپاٹ پیریڈ کے دوران سکیورٹیز کا لین دین نہیں کریں گے۔

30. مارجن ٹریڈنگ کے انضباطی مطلوبات۔- کمیشن کے ہدایت کردہ انداز سے مجاز درمیانی عامل درج ذیل معاملات کو تفصیل سے بیان کرے گا، جیسا کہ:-

(a) خطرات کی مناظمت کا نظام جس میں کولیٹرل اور مارجن مطلوبات، ایکسپوژر مارجنز، پوزیشن لمیٹس، کلیکشن آف مارک ٹو مارکیٹ لاسز، ڈیپازٹس کی اقسام وغیرہ شامل ہیں لیکن اس تک محدود نہیں ہے؛

(b) وہ انداز جس میں مجاز درمیانی عامل ایسا نظام وضع کرے جس کے ذریعے سے-

(i) قرض دہندہ متفق ہو کر قرض دار کو مجاز درمیانی عامل کے فراہم کردہ پلیٹ فارم کے ذریعے متفقہ شرح منافع پر مخصوص قسم اور تعداد کی سکیورٹیز ادھار دے گا؛ اور

(ii) قرض دار متفق ہو کر قرض دہندہ سے مجاز درمیانی عامل کے فراہم کردہ پلیٹ فارم کے ذریعے متفقہ شرح منافع پر مخصوص قسم اور تعداد کی سکیورٹیز ادھار لے گا اور مذکورہ بالا متفقہ منافع کے ساتھ قرض دہندہ کو واپس کرے گا۔

(c) سکیورٹیز کے انتخاب کا معیار جن کے لئے مارجن ٹریڈنگ کی خاطر سرمایہ حاصل کیا جاسکتا ہو جس میں سیالیت کے کم سے کم مطلوبات شامل ہیں؛

(d) وہ طریقہ جس سے قرض دہندہ اور قرض دار کی جانب سے مارجنز بشمول مارکیٹ ٹو مارکیٹ لاسز جمع کرائے جائیں گے؛

(e) سکیورٹیز کے قرض دہندہ اور قرض دار کی معطلی یا نظم وضبط بشمول ان افعال کی انجام دہی کی بنیاد؛

(f) وہ قواعد وضوابط جن کے تحت سکیورٹیز کی لین دین کی جائے؛

(g) مجاز درمیانی عامل کی جانب سے سکیورٹیز کے لین دین کی تفصیلات کی ریکارڈنگ اور اشاعت؛

(h) سکیورٹیز کے لین دین کے لئے فراہم کردہ سہولیات اور خدمات پر قابل ادا فیس، اخراجات، ڈیپازٹس اور امداد؛ اور

(i) کوئی دیگر معاملہ جو ان قواعد کے مؤثر نفاذ کے لئے ضروری سمجھا جائے۔

چھٹا باب

گروی رکھنا

31. **سکیورٹیز کے گروی رکھوانے پر قابل اطلاق شرائط۔-** کوئی بھی بروکر کولیٹرل کے طور پر گاہک کی جانب سے کوئی سکیورٹی نہ ڈیپازٹ کرائے گا یا گروی رکھوائے گا سوائے درج ذیل کے :-

(a) متعلقہ انضباطی ڈھانچے کے تحت مطلوب ایسے گاہک کی تجارت یا بیوپار سے متعلق مارجن کی مطلوبات کے حوالے سے سٹاک ایکسچینج یا تصفیہ کمپنی کے حق میں یا ان کے پاس ڈیپازٹ کرایا یا گروی رکھوایا گیا ہو؛

(b) مارجن فنانسنگ کی سہولت یا کوئی دوسری قسم کی سرمایہ کاری جس کی کمیشن نے اجازت دی ہو کے تحت ایسے گاہکوں کے بیوپار کے حوالے سے ایسے مالیاتی اداروں کی جانب سے دی گئی مارجن فنانسنگ کے حوالے سے مالیاتی ادارے کے حق میں یا ان کے پاس ڈیپازٹ کرایا یا گروی رکھوایا گیا ہو؛

(c) مالیاتی ادارے کے حق میں یا ان کے پاس ڈیپازٹ کرائی گئی یا گروی رکھوائی گئی کوئی بھی چیز ادھار فنڈ حاصل کرنے کے لئے ہے، بشرطیکہ گاہک نے بروکر کو کمیشن کی طرف سے متعین انداز میں مجاز قرار دیا ہو؛

(d) کسی بھی دیگر مقصد کے لئے کرایا گیا ڈیپازٹ یا رکھوایا گیا رہن جس کی اجازت قابل اطلاق قوانین ضوابط کے تحت دی گئی ہو، بشرطیکہ گاہک نے بروکر کو کمیشن کی طرف سے متعین انداز میں مجاز قرار دیا ہو۔

ساتواں باب

متفرقات

32. **کمیشن کا ہدایت نامے، مراسلات وغیرہ جاری کرنے کا اختیار۔-** کمیشن ایسے ہدایت نامے اور مراسلے جاری کر سکتا ہے جو ان قواعد کے مقاصد کے لئے ضروری ہوں۔

33. **بروکر کی ذمہ داریاں۔-**

(1) بروکرز اور ایجنٹس رجسٹریشن رولز ۲۰۰۱ کے تحت دی گئی بروکرز کی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ ایک بروکر جو اپنے گاہک کی جانب سے لیوریجڈ مارکیٹ یا گاہک کی سکیورٹیز کو گروی رکھتا ہے اس بات کی یقین دہانی کرے گا کہ ——

(a) بروکر گاہک کی جانب سے کسی بیوپار پر اس وقت تک عمل درآمد نہیں کرے گا جب تک بروکر اور مذکورہ گاہک میں ایک موزوں معاہدہ نہ طے پا گیا ہو؛

(b) اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ، ۲۰۱۰ (ایکٹ ۷، مجریہ ۲۰۱۰) کی تمام شقوں اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد وضوابط کی تمام اوقات میں تعمیل کی جائے؛

(c) متعلقہ بیوپار میں شامل تمام خطرات سے مکمل طور پر آگاہ کر دیا ہو اور بروکر نے اپنے گاہکوں سے تحریری توثیق حاصل کی ہو جس میں یہ درج ہو کہ دونوں فریق سمجھ چکے ہیں اور ایسے بیوپار میں خطرات برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں؛ اور

(d) سکیورٹیز مارکیٹ میں دستیاب مختلف مالیاتی سہولیات کے حوالے سے گاہک کے انتخابات کا گاہک کو مکمل اظہار کر دیا گیا ہے اور وضاحت کر دی گئی ہے۔

(2) بروکر قرض کے خطرات کے تعین کے طریقوں سے باقاعدہ اپنے گاہک کی ساکھ کی قدر پیمائی کرے گا اور ہر گاہک کے لئے قرض کا ایک حصّہ مختص کرے گا جس کے بعد اسے مارجن فنانسنگ اور مارجن ٹریڈنگ کے تحت مزید سرمایہ حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

(3) ایک بروکر مندرجہ بالا ذمہ داریوں کی تعمیل کے حوالے سے ریکارڈز قائم کرے گا اور ایسے ریکارڈز کمیشن کے معائنے کے لئے کسی بھی وقت دستیاب ہوں گے۔

34. ممانعت۔- کوئی بھی شخص کسی ایسی سرگرمی میں حصّہ نہیں لے گا یا اس کا ارادہ نہیں کرے گا جس کا احاطہ ان قوانین کے یا آرڈیننس کی دفعہ ۱۶ کے تحت کیا گیا ہو سوائے کمیشن کے جاری کردہ مراسلات یا ہدایت ناموں یا قواعد وضوابط کی شقوں کے مطابق اور جس حد تک کی اجازت دی گئی ہو۔

35. فیس۔- کمیشن وقتاً فوقتاً ایسی فیس متعین کر سکتا ہے جس کی ان قوانین کے تحت ضرورت ہو۔

36. سزا۔- ایک شخص جوان قواعد وضوابط کی شقوں یا کمیشن کی طرف سے آرڈیننس کے تحت جاری کردہ مراسلات یاہدایت ناموں کی تعمیل میں ناکام ہوتاہے یااس کی خلاف ورزی کرتاہے توان قواعد کے تحت مجوزہ کارروائی کے ساتھ ساتھ ایسی خلاف ورزی یاناکامی کے لئے آرڈیننس میں مجوزہ کسی یاتمام کارروائیوں کامستوجب ہوگا۔

37. تنسیخ۔- مارجن ٹریڈنگ رولز ۲۰۰۴ اس دستاویز کے ذریعے منسوخ کئے جاتے ہیں۔

ضمیمہ [دیکھیں قائدہ ۲ (۱) (a)]

فارم I

[دیکھیں قائدہ ۳ (۴)]

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ

مجاز درمیانی عامل

سکیورٹیز (لیوریجڈ مارکیٹس اور رہن) قواعد، ۲۰۱۱ کے قائدہ ۳ میں عطا کردہ اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے سکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اس دستاویز کے ذریعے _____ کو سکیورٹیز (لیوریجڈ مارکیٹس اور رہن) قواعد، ۲۰۱۱ کی شرائط سے مشروط یا جیسا کمیشن آئندہ سے مخصوص یا نافذ کرے، مجاز درمیانی عامل کے طور پر رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ عطا کرتا ہے۔

مجاز درمیانی عامل کا رجسٹریشن نمبر _____ ہے۔

مورخہ: _____

مقام: اسلام آباد

بحکم

دستخط شدہ

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

فارم II

[دیکھیں قائدہ ۹ (ا) (e)]

بیان حلفی

_____ ولد/زوجہ _____ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ نمبر _____

سکنہ _____

من مظہر درج ذیل کی حلفیہ اقرار/تصدیق کرتاہوں:-

1. کہ[2] میں (کمپنی کا نام) _____ کا (عہدہ) _____ ہوں اور میں درج ذیل حقائق سے بخوبی واقف ہوں اور گواہی دیتاہوں کہ۔۔
2. (درخواست گزار کا نام)[3] _____ کسی انضباطی مطلوبات کا نادہندہ نہیں ہے۔
3. (درخواست گزار کا نام)[4] _____ کسی بھی قانون کے تحت دھوکہ دہی کے لئے سزاوار نہیں ٹھرایا گیا، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کوئی جرم نہیں کیا یا دیگر کوئی جرم نہیں کیا جس میں اخلاقی گراوٹ شامل ہو۔[5][_____ کے کوئی بھی شراکت دار، ڈائریکٹرز اور اہم حصص داران، جو بھی صورت ہو، کسی بھی قانون کے تحت دھوکہ دہی کے لئے سزاوار نہیں ٹھرایا گیا، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کوئی جرم نہیں کیا یا دیگر کوئی جرم نہیں کیا جس میں اخلاقی گراوٹ شامل ہو۔
4. کمیشن کے حکم پر کی گئی تفتیش یا پوچھ گچھ میں _____ [6][یا اس کے کسی بھی شراکت دار، ڈائریکٹرز یا اہم حصص داران] کے خلاف بد نظمی یا غبن جیسی کسی خلاف ورزی کے نتائج نہ پائے گئے ہوں

---

[2] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

[3] درخواست گزار کا نام

[4] درخواست گزار کا نام

[5] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

[6] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

5. [7] _____ مقدوریت کے حوالے سے کسی کارروائی سے نہیں گزر رہا اور نہ ہی ایسی کوئی کارروائی ہونے کا خطرہ ہو۔

6. سکیورٹیز (لیوریجڈ مارکیٹس اور رہن) قواعد، ۲۰۱۱ کے قائدہ ۸ کے تحت دی گئی درخواست کے ساتھ پیش کی گئی معلومات اور بیانات درست ہیں اور کسی قسم کے حقائق کو چھپایا نہیں گیا۔

7. اگر سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کسی فریق ثالث سے میرے بارے میں کوئی معلومات حاصل کرتا ہے یا اس کی درخواست کرتا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

8. سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو فراہم کردہ تمام دستاویزات درست اور اصلی کی مکمل نقول ہیں۔

من مظہر

من مظہر میری جانب سے شناخت شدہ ہے

دستخط_____

وکیل

(نام)

(تاریخ)_____(ماہ)_____(وقت)_____ پر من مظہر جس کا نام اوپر درج ہے نے میرے سامنے حلفاً توثیق کی ہے اس کی پہچان مجھے _____ ایڈوکیٹ نے کرائی ہے۔

دستخط_____

حلف لینے والا اوتھ کمیشنر

(نام اور مہر)

---

[7] درخواست گزار کا نام

فارم III

[دیکھیں قائدہ ۱۷ (۱) (e)]

بیان حلفی

_____ ولد/زوجہ _____ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ نمبر _____

سکنہ _____

من مظہر درج ذیل کی حلفیہ اقرار/تصدیق کرتا ہوں:-

1. کہ[8] میں (کمپنی کا نام) _____ کا (عہدہ) _____ ہوں اور میں درج ذیل حقائق سے بخوبی واقف ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ۔۔
2. (درخواست گزار کا نام)[9] _____ کسی انضباطی مطلوبات کا نادہندہ نہیں ہے۔
3. (درخواست گزار کا نام)[10] _____ کسی بھی قانون کے تحت دھوکہ دہی کے لئے سزاوار نہیں ٹھرایا گیا، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کوئی جرم نہیں کیا یا دیگر کوئی جرم نہیں کیا جس میں اخلاقی گراوٹ شامل ہو۔[11] [_____ کے کوئی بھی شراکت دار، ڈائریکٹرز اور اہم حصص داران، جو بھی صورت ہو، کسی بھی قانون کے تحت دھوکہ دہی کے لئے سزاوار نہیں ٹھرایا گیا، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کوئی جرم نہیں کیا یا دیگر کوئی جرم نہیں کیا جس میں اخلاقی گراوٹ شامل ہو۔
4. کمیشن کے حکم پر کی گئی تفتیش یا پوچھ گچھ میں _____ [12] [یا اس کے کسی بھی شراکت دار، ڈائریکٹرز یا اہم حصص داران] کے خلاف بد نظمی یا غبن جیسی کسی خلاف ورزی کے نتائج نہ پائے گئے ہوں۔

---

[8] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

[9] درخواست گزار کا نام

[10] درخواست گزار کا نام

[11] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

[12] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

5. [13] _____ مقدوریت کے حوالے سے کسی کارروائی سے نہیں گزر رہا اور نہ ہی ایسی کوئی کارروائی ہونے کا خطرہ ہو۔

6. سکیورٹیز (لیوریجڈ مارکیٹس اور رہن) قواعد، ۲۰۱۱ کے قائدہ ۸ کے تحت دی گئی درخواست کے ساتھ پیش کی گئی معلومات اور بیانات درست ہیں اور کسی قسم کے حقائق کو چھپایا نہیں گیا۔

7. اگر [14] _____ کسی فریق ثالث سے میرے بارے میں کوئی معلومات حاصل کرتا ہے یا اس کی درخواست کرتا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔

8. [15] _____ کو فراہم کردہ تمام دستاویزات درست اور اصلی کی مکمل نقول ہیں۔

من مظہر

من مظہر میری جانب سے شناخت شدہ ہے

دستخط _____

وکیل

(نام)

(تاریخ) _____ (ماہ) _____ (وقت) _____ پر من مظہر جس کا نام اوپر درج ہے نے میرے سامنے حلفاً توثیق کی ہے اس کی پہچان مجھے _____ ایڈوکیٹ نے کرائی ہے۔

دستخط _____

حلف لینے والا اوتھ کمیشنر

(نام اور مہر)

---

[13] درخواست گزار کا نام

[14] مجاز درمیانی عامل کا نام

[15] مجاز درمیانی عامل کا نام

فارم IV

[دیکھیں قائدہ ۲۵ (۱) (e)]

بیان حلفی

_____ ولد/زوجہ _____ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ نمبر _____

سکنہ _____

1. کہ[16] میں (کمپنی کا نام) _____ کا (عہدہ) _____ ہوں اور میں درج ذیل حقائق سے بخوبی واقف ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ۔۔

2. (درخواست گزار کا نام)[17] _____ کسی انضباطی مطلوبات کا نادہندہ نہیں ہے۔

3. (درخواست گزار کا نام)[18] _____ کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کسی جرم یا دھوکہ دہی کے لئے سزاوار نہیں ٹھرایا گیا یا دیگر کوئی جرم نہیں کیا جس میں اخلاقی گراوٹ شامل ہو۔[19] [_____ کے کوئی بھی شراکت دار، ڈائریکٹرز اور اہم حصص داران، جو بھی صورت ہو، کمیشن کے زیر انتظام قوانین کے تحت کسی جرم یا دھوکہ دہی کے لئے سزاوار نہیں ٹھرایا گیا یا دیگر کوئی جرم نہیں کیا جس میں اخلاقی گراوٹ شامل ہو۔

4. کمیشن کے حکم پر کی گئی تفتیش یا پوچھ گچھ میں _____ [20] [یا اس کے کسی بھی شراکت دار، ڈائریکٹرز یا اہم حصص داران] کے خلاف بد نظمی یا غبن جیسی کسی خلاف ورزی کے نتائج نہ پائے گئے ہوں۔

---

[16] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

[17] درخواست گزار کا نام

[18] درخواست گزار کا نام

[19] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

[20] جہاں درخواست گزار ایک باڈی کارپوریٹ یا فرم ہو

5. [21] _____ مقدوریت کے حوالے سے کسی کارروائی سے نہیں گزر رہا اور نہ ہی ایسی کوئی کارروائی ہونے کا خطرہ ہو۔

6. سکیورٹیز (لیوریجڈ مارکیٹس اور رہن) قواعد، ۲۰۱۱ کے قائدہ ۸ کے تحت دی گئی درخواست کے ساتھ پیش کی گئی معلومات اور بیانات درست ہیں اور کسی قسم کے حقائق کو چھپایا نہیں گیا۔

7. اگر[22] _____ کسی فریق ثالث سے میرے بارے میں کوئی معلومات حاصل کرتا ہے یا اس کی درخواست کرتا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

8. [23] _____ کو فراہم کردہ تمام دستاویزات درست اور اصلی کی مکمل نقول ہیں۔

من مظہر

من مظہر میری جانب سے شناخت شدہ ہے

دستخط _____

وکیل

(نام)

(تاریخ) _____ (ماہ) _____ (وقت) _____ پر من مظہر جس کا نام اوپر درج ہے نے میرے سامنے حلفاً توثیق کی ہے اس کی پہچان مجھے _____ ایڈوکیٹ نے کرائی ہے۔

دستخط _____

حلف لینے والا اوتھ کمیشنر

(نام اور مہر)

---

[21] درخواست گزار کا نام

[22] مجاز درمیانی عامل کا نام

[23] مجاز درمیانی عامل کا نام

فارم V

[دیکھیں قائدہ ۱۳ (b)]

مارجن فنانسنگ کے معاہدوں میں، من جملہ دیگر اشیا کے، درج ذیل کی وضاحت کی جائے:-

(a) مارجن فنانسر اور فنانسی کا نام؛

(b) معاہدے کے تاریخ اور مدّت؛

(c) مارجن فنانسنگ کی حدود؛

(d) مارجن فنانسنگ کے لئے مارک اپ یا نفع کی قابل اطلاق شرح؛

(e) فنانسی کی جانب سے جمع کرائے جانے والے کولیٹرل کی قابل قبول قسم؛

(f) تجدید کی شقوں کے ساتھ معاہدے کی شرائط؛

(g) سکیورٹیز جن کے لئے مارجن فنانسنگ فراہم کی جائے گی؛

(h) وہ شرائط جن کے تحت کیا گیا معاہدہ تبدیل، منسوخ کیا جا سکتا ہے اور اس سے پیدہ شدہ صورت حال؛

(i) قواعد کے مطابق اپنی اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں مارجن فنانسر یا فنانسی کی ناکامی کی صورت میں قابل اطلاق نادہندگی کے انتظام کے طریقے؛ اور

(j) مارجن فنانسر اور فنانسی کے مجاز اشخاص کے دستخط۔

فارم VI

[دیکھیں قائدہ ۲۲ (ا) (a)]

مارجن ٹریڈنگ کے لئے سرمایہ کی فراہمی کی خاطر بروکر اور اس کے گاہک کے درمیان گاہک کے فنڈز کے استعمال کے معاہدے میں، من جملہ دیگر اشیا کے، درج ذیل کی وضاحت کی جائے:-

(a) فریقوں کے نام اور کوائف؛

(b) معاہدے کے تاریخ اور مدّت؛

(c) مارجن ٹریڈنگ کے تحت سرمایہ کاری کی حدود؛

(d) گاہک کی طرف سے نمائندگی کہ مارجن ٹریڈنگ کے لئے فراہم کردہ فنڈز اس کے اپنے ہیں اور کسی دیگر شخص سے حاصل یا ادھار نہیں لئے گئے؛

(e) مارک اپ یا نفع کی وصولی کی شرح کے شرائط وضوابط؛

(f) قابل اطلاق فیس اور اخراجات؛

(g) دونوں فریقین کے حقوق اور ذمہ داریاں؛

(h) تجدید کی شقوں کے ساتھ معاہدے کی شرائط؛

(i) سکیورٹیز جن کے لئے مارجن فنانسنگ فراہم کی جائے گی؛

(j) وہ شرائط جن کے تحت کیا گیا معاہدہ تبدیل، منسوخ کیا جاسکتا ہے اور اس سے پیدہ شدہ صورت حال؛

(k) خطرات کا واضح اظہار؛

(l) کمیشن سے منظور شدہ قواعد اور مجاز درمیانی عامل کے ضوابط کے مطابق اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکامی کی صورت میں قابل اطلاق نادہندگی کے انتظام کے طریقے؛ اور

(m) فریقین کے مجاز نمائندگان کے دستخط۔

[نمبر۔ایس ایم ڈی/ایس ای/۲(۶)۲۰۰۲]

دستخط شدہ

عبدالرحمٰن قریشی

ایڈوائزر/سیکرٹری

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

اطلاع عامہ

۲۹ دسمبر ۲۰۱۱، اسلام آباد

ایس آر او ۱۱۲۴(I)/۲۰۱۱ ——سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آرڈیننس ۱۹۶۹ (نمبر ۱۷، مجریہ ۱۹۶۹) کی دفعہ ۳۳ اور دفعہ ۱۶ کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ایکٹ ۱۹۹۷ (نمبر ۴۲، مجریہ ۱۹۹۷) کی دفعہ ۴۳ کی شق (b) سے ملا کر پڑھے جانے سے ان میں عطا کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اور مذکورہ ایکٹ نمبر ۴۲، مجریہ ۱۹۹۷ کی دفعہ ۳۹ کی ذیلی دفعہ (۲) کے مطلوبات کے مطابق سرکاری جریدے میں سابقہ طور پر بذریعہ ایس آر او ۹۴۶(I)/۲۰۱۱ مورخہ ۶ اکتوبر ۲۰۱۱ شائع ہونے کے بعد، سکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان وفاقی حکومت کی منظوری کے ساتھ اس دستاویز کے ذریعے سکیورٹیز (لیوریجڈ مارکیٹس اور رہن) قواعد، ۲۰۱۱ میں درج ذیل ترامیم کرتا ہے:۔

ترامیم

مندرجہ بالا قواعد میں۔-

(a) قاعدہ ۱۵ کی شق (a) میں درج جملہ ''جس میں سیالیت کے کم سے کم مطلوبات شامل ہیں'' نکال دیا جائے؛

(b) قاعدہ ۲۲ کے۔-

(i) ذیلی قاعدہ (۱) کی شق (a) میں دوبار آنے والا لفظ'' کارپوریٹ'' نکال دیا جائے؛ اور

(ii) ذیلی قائدہ (۲) کی۔-

(a) شق (a) میں آنے والا لفظ'' کارپوریٹ'' نکال دیا جائے؛ اور

(b) شق (b) میں آنے والا لفظ'' کارپوریٹ'' نکال دیا جائے؛

(c) قاعدہ ۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۱) کی۔-

(i) شق (b) میں درج الفاظ اور کاما ''تمام مارجنز، ڈیپازٹس اور'' نکال دئے جائیں؛ اور

(ii) شق (e) میں۔-

(a) الفاظ ''صرف نقد'' نکال دئے جائیں؛ اور

(b) الفاظ ''بشرطیکہ ایسی شرح پچیس فیصد سے کم نہ ہو'' کو نکال دیا جائے۔

نمبر۔ایس ایم ڈی/ایس ای/۲(۶)۲۰۰۲

دستخط شدہ

(عبدالرحمٰن قریشی)

ایڈوائزر/سیکرٹری

وضاحت

ایس ای سی پی نے عوام الناس کی آگہی کے لئے ''سکیورٹیز (لیوریجڈ مارکیٹس اور رہن) قواعد، ۲۰۱۱'' کا اردو ترجمہ کیا ہے۔ حکومتِ پاکستان نے یہ قواعد انگریزی زبان میں جاری کئے۔ لہٰذا کسی ابہام کی صورت میں یا قانونی رہنمائی کے لئے انگریزی متن ملاحظہ فرمائیں جس کا لنک ذیل میں فراہم کیا گیا ہے۔

http://www.secp.gov.pk/notification/pdf/2011/RevisedSecurities-LMPR.pdf